# تمام آفات سے حفاظت

مندرجہ ذیل دعا صبح وشام تین مرتبہ پڑھیں

بِسْمِ اللهِ الَّذِي لَا يَضُرُّ مَعَ اسْمِهٖ شَيْءٌ فِي الْأَرْضِ، وَلَا فِي السَّمَآءِ، وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ (أبو داود، الترمذي، ابن ماجة)

اس اللہ کے نام سے (صبح یاشام کرتا ہوں) جس کے نام کے ساتھ زمین اور آسمان میں کوئی چیز ضرر نہیں پہنچا سکتی اور وہ خوب سننے والا خوب جاننے والا ہے۔

**فضیلت:** صبح و شام اس دعا کو پڑھنے والا تمام حوادث اور مصائب سے ان شاءاللہ تعالیٰ محفوظ رہے گا۔

at-tazkiyah
PO Box 8211 • Leicester • LE5 9AS • UK
email: publications@at-tazkiyah.com

© At-Tazkiyah

1-2020/04

www.at-tazkiyah.com

# دوسروں کی تکالیف اور مصائب پر مطّلع ہونے پر یہ دعا پڑھیں

جب کسی کو کسی دینی یا دنیوی آفت (بیماری، تکلیف، گناہ وغیرہ) میں مبتلا دیکھیں یا کسی کے بارے میں اطّلاع ملے تو یہ دعا پڑھیں:

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ عَافَانِيْ مِمَّا ابْتَلَاكَ بِهٖ، وَفَضَّلَنِيْ عَلٰى كَثِيْرٍ مِّمَّنْ خَلَقَ تَفْضِيْلًا (الترمذي)

تمام تعریفیں اس اللہ کے لئے ہیں جس نے مجھے اس (آفت) سے محفوظ رکھا جس میں اس نے آپ کو مبتلا کیا، اور جس نے مجھے اپنی مخلوقات میں سے بہت سوں پر فضیلت عطا کی۔

**فضیلت:** جو بھی اس دعا کو پڑھنے کا اہتمام کرے گا اس کے لئے زندگی بھر اس آفت سے حفاظت کا وعدہ ہے۔ **نوٹ:** حضرت ابو جعفر الباقر رحمہ اللہ فرماتے تھے کہ مصیبت زدہ کے سامنے اس دعا کو پست آواز سے پڑھنا چاہیے۔

© At-Tazkiyah

www.at-tazkiyah.com